## سوال

(138)احرام باندھے ہوئے کے سر سے بال گرنے کا حکم

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اگر عورت نے احرام باندھا ہو اور بے اختیار اس کے سر سے بال گر جائیں تو وہ کیا کرے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر کسی محرم کے سر سے بال گر جائیں، خواہ وہ مرد ہو یا عورت اور یہ بات وضو کرتے وقت سر کا مسح کرنے سے ہو یا سر دھونے سے ہو، اس کا کچھ مضائقہ نہیں۔ اسی طرح اگر مرد کی داڑھی سے یا اس کی مونچھوں سے یا ناخنوں سے کچھ گر جائے تو بھی چنداں مضائقہ نہیں جبکہ اس نے عمداً ایسا نہ کیا ہو۔ ممنوع بات صرف یہ ہے کہ وہ احرام کی حالت میں دانستہ اپنے بال یا اپنے ناخن کاٹے۔ اسی طرح عورت بھی دانستہ کچھ نہ کاٹے۔ پھر اگر بلا ارادہ بال گر جاتے ہیں تو وہ مردہ بال ہوتے ہیں جو حرکت کے وقت گر جاتے ہیں۔ ان کے گرنے کا کچھ نقصان نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

### فتاویٰ ابن باز رحمہ اللہ

### جلداول -صفحہ 132

### محدث فتویٰ